Leicestershire
**Police**
Protecting our communities

# جرم کے متاثرین کے لیے معلومات




جرم / واردات / وقوعہ نمبر:

جرم کی نوعیت:

ذمہ دار افسر:

تفتیش کنندہ افسر:

تفتیش کنندہ افسر کے رابطے کی تفصیلات:


جس تاریخ کو واقعہ پیش آیا:

جس تاریخ کو اطلاع دی گئی:

# مشمولات




| | |
|---|---|
| تعارف | 3 |
| متاثر کے ضابطے کے تحت آپ کے کیا استحقاق ہیں؟ | 4 |
| وکٹم فرسٹ (Victim First) کیا ہے اور وہ کس طرح میری مدد کر سکتا ہے؟ | 6 |
| میں نے ایک جرم کی اطلاع دی ہے اب اس کے بعد کیا ہوگا؟ | 7 |
| تو میرے شہادتی بیان کے ساتھ کیا ہوگا؟ | 7 |
| میرے شہادتی بیان کو کون دیکھے گا؟ | 7 |
| آپ کے جرم سے نمٹنا | 8 |
| متاثرہ شخص کا شخصی بیان دینا (VPS) | 9 |
| کاروبار پر اثر کا بیان (BIS) | 10 |
| کیا مجھے عدالت جانا ہوگا؟ | 10 |
| جرم کی روک تھام سے متعلق صلاح اور مزید معلومات | 11 |




# تعارف

**لیسٹر شائر پولیس جرم کے شکار لوگوں اور گواہوں کو اپنی کارروائیوں کے مرکز میں رکھ کر ایک شاندار خدمت فراہم کرنے کے لیے پابند عہد ہے۔**

اس کتابچے کو جرم کے متاثرین کی ان خدمات کو سمجھنے میں مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے جو کہ لیسٹر، لیسٹر شائر اور رٹلینڈ میں دستیاب ہیں اور اس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ آپ پولیس اور دیگر ان لوگوں سے کس چیز کی توقع کر سکتے ہیں جن کا کام آپ کی مدد کرنا ہے۔

وکٹم فرسٹ [Victim First] نامی ایک مفت، خود مختار اور رازدارانہ خدمت کے توسط سے آپ کے لیے مقامی خدمات کا ایک مجموعہ دستیاب ہے۔ وہ لوگوں کو جرائم سے نمٹنے اور بحالی میں مدد کرتے ہیں خواہ انہیں فون پر معلومات اور مشوروں تک رسائی کی ضرورت ہو یا زیادہ خصوصی خدمات کی ضرورت ہو جیسے دو بدو مشاورت۔ ہو سکتا ہے فی الحال آپ وکٹم فرسٹ سے رابطہ کرنا پسند نہ کریں مگر براہ مہربانی یہ کتابچہ محفوظ رکھیں مبادا آپ مستقبل میں رابطہ کرنا چاہیں۔

جرائم کے شکار متاثرین کے 12 حقوق ہیں جو ایک قومی ضابطہ اخلاق میں متعین کیے گئے ہیں جسے وکٹیمز کوڈ کہا جاتا ہے۔ جن میں کسی جرم کی اطلاع کرتے وقت تحریری توثیق نامہ حاصل کرنے، ایسی خدمات اور معاونت موصول کرنے کا جنہیں آپ کی ضرورت کے مطابق تیار کیا گیا ہو، اس بابت معلومات کہ فوجداری نظام انصاف سے کس چیز کی توقع کریں اور تفتیش اور کسی بھی ممکنہ قانونی کارروائی کے بارے میں معلومات فراہم کیے جانے کا حق شامل ہے۔

ہم اس بات سے واقف ہیں کہ کسی جرم کا شکار یا کوئی گواہ ہونا پریشان کن اور بعض اوقات زندگی کو تبدیل کر دینے والا واقعہ ہو سکتا ہے۔ یہ مختلف لوگوں کو مختلف انداز میں متاثر کر سکتا ہے۔

براہ مہربانی اطمینان رکھیں کہ آپ کو اس صورت حال کا سامنا تنہا نہیں کرنا ہے؛ لوگوں کی ایسی ٹیمیں موجود ہیں جو راہ کے ہر قدم پر آپ کی مدد کریں گی اور اس کتابچے میں درج معلومات سے آپ کو اس بارے میں مزید جاننے میں مدد ملنی چاہیے کہ کون سی چیزیں دستیاب ہیں۔

اس سلسلہ میں متاثرین کے لیے معلومات کے EasyRead اور 18 سال سے کم نسخے بھی دستیاب ہیں۔

# وکٹمز کوڈ کے تحت آپ کن چیزوں کے مستحق ہیں؟

**اگر آپ انگلینڈ یا ویلز میں جرم کے شکار کوئی فرد ہیں تو آپ جرم کے متاثرین کے لیے ضابطۂ عمل کے تحت فوجداری انصاف کی ایجنسیوں کی جانب سے معاونت کے حقدار ہیں اگر آپ کوئی فرد یا کاروبار ہیں، خوا آپ پولیس کو واقعے کی اطلاع نہ بھی کریں۔**

## 1 سمجھنے اور سمجھے جانے کے قابل ہونا

آپ کو اس انداز میں معلومات دیے جانے کا **حق** ہے جو کہ سمجھنے میں آسان ہو اور سمجھے جانے کے لیے مدد فراہم کیے جانے کا، بشمول، جہاں ضروری ہو، ترجمانی اور ترجمے کی خدمات تک رسائی۔

## 2 بلا جواز تاخیر کے بغیر ریکارڈ کردہ جرم کی تفصیلات حاصل کرنا

آپ کو واقعہ کے بعد جلد از جلد پولیس کے ذریعہ ریکارڈ کردہ جرم کی تفصیلات حاصل کرنے کا **حق** ہے۔ اگر آپ سے کوئی شہادتی بیان فراہم کرنے یا انٹرویو دینے کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو آپ کو اس پوری کارروائی میں مدد کے لیے اضافی مدد فراہم کیے جانے کا **حق** ہے۔

## 3 جرم کی اطلاع دیتے وقت معلومات فراہم کیا جانا

آپ کو جرم کی اطلاع دیتے وقت تحریری توثیق نامہ موصول کرنے، فوجداری انصاف کی کارروائی کے بارے میں معلومات فراہم کیے جانے اور جرم کے شکار لوگوں کے لیے پروگراموں یا خدمات کے بارے میں بتائے جانے کا **حق** ہے۔ اس میں وہ خدمات شامل ہو سکتی ہیں جن میں آپ مشتبہ شخص یا جرم کے مرتکب سے ملاقات کر سکتے/سکتی ہیں جسے بحالی انصاف کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔

## 4 ان خدمات کا حوالہ دیا جانا جو کہ متاثرین کو تعاون کرتے ہیں اور ایسی خدمات اور تعاون حاصل کرنا جنھیں آپ کی ضرورتوں کے لحاظ سے تیار کیا گیا ہو

آپ کا ان خدمات کا حوالہ دیے جانے کا **حق** حاصل ہے جو جرم کے متاثرین کو تعاون کرتی ہیں، جن میں ان سے راست رابطہ کرنے، اور اپنی ضرورتوں کا جائزہ کروانے کا **حق** شامل ہے تاکہ خدمات اور مدد کا خاکہ آپ کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے بنایا جا سکے۔ اگر اہل ہوں تو آپ کو خصوصی معاونتی خدمات کا حوالہ دیے جانے اور ان اضافی تعاون کے بارے میں بتائے جانے کا **حق** ہے جو کہ عدالت میں دستیاب ہیں، مثال کے طور پر خصوصی کارروائیاں۔

## 5 معاوضہ کے بارے میں معلومات فراہم کیا جانا

اہل ہونے کی صورت میں آپ کو اس بارے میں بتائے جانے کا **حق** ہے کہ جرم کے نتیجہ میں ہونے والے کسی نقصان، ضرر یا چوٹ کے لیے معاوضہ کا مطالبہ کیسے کریں۔

## 6 تفتیش اور قانونی کارروائی کے بارے میں معلومات فراہم کیا جانا

آپ کو اپنے معاملے سے متعلق تازہ اطلاعات فراہم کیے جانے اور جب اہم فیصلے لیے جائیں تو اس بارے میں بتائے جانے کا **حق** حاصل ہے۔ آپ کو انصاف کی کارروائی کے مخصوص مراحل میں فیصلوں پر متعلقہ خدمت فراہم کنندہ کے ذریعہ دوبارہ جائزہ لینے کی درخواست کرنے کا **حق** حاصل ہے۔

# وکٹمز کوڈ کے تحت آپ کن چیزوں کے مستحق ہیں؟

## 7 متاثرہ شخص کا کوئی شخصی بیان دینا

آپ کو متاثرہ شخص کا ایک بیان دینے کا **حق** حاصل ہے جو کہ عدالت کو بتاتا ہے کہ جرم نے آپ کو کس طرح متاثر کیا ہے اور مجرم کو سزا سناتے وقت ان پر غور کیا جاتا ہے۔ آپ کو کارروائیوں کے بارے میں معلومات دے دی جائے گی۔

## 8 ٹرائل، ٹرائل کی کارروائی اور بطور گواہ آپ کی ذمہ داری کے بارے میں معلومات بہم پہنچایا جانا

گر آپ کا معاملہ عدالت پہنچتا ہے تو آپ کو کسی بھی شنوائی کے وقت، تاریخ اور مقام نیز ان شنوائیوں کے نتائج کے بارے میں بر وقت بتائے جانے کا **حق** حاصل ہے۔ اگر آپ کو ثبوت دینے کی ضرورت ہو تو آپ کو ٹرائل سے قبل مناسب مدد فراہم کیے جانے اور، ممکن ہونے کی صورت میں، اگر عدالت کی طرف سے اجازت ہو، ثبوت دینے سے قبل وکیل استغاثہ سے ملاقات کرنے کا **حق** حاصل ہے۔

## 9 مقدمہ اور کسی اپیل کے نتیجہ کے بارے میں معلومات دیا جانا

آپ کو مقدمے کے نتیجے کے بارے میں بتائے جانے اور، اگر مدعا علیہ مجرم قرار دیا جاتا ہے تو، حکمنامے کی وضاحت دیے جانے کا **حق** حاصل ہے۔ اگر مجرم اپنی سزا یا حکمنامے کے خلاف اپیل کرتا ہے تو آپ کو اپیل اور اس کے نتیجہ کے بارے میں بتائے جانے کا **حق** حاصل ہے۔

## 10 اخراجات ادا کیا جانا اور سامان لوٹایا جانا

اگر آپ سے عدالت میں حاضر ہو کر ثبوت دینے کا تقاضا کیا جاتا ہے تو آپ کو مخصوص اخراجات کا دعوی پیش کرنے کا **حق** حاصل ہے۔ اگر آپ کی کوئی ملکیت ثبوت کے طور پر لے لی گئی تھی تو آپ کو جلد از جلد اس کو واپس لے لینے کا **حق** حاصل ہے۔

## 11 مجرم قرار دیے جانے کے بعد مرتکب کے بارے میں معلومات دیا جانا

اہل ہونے کی صورت میں آپ کو خود بخود وکٹم کانٹیکٹ اسکیم کا حوالہ دیے جانے کا **حق** حاصل ہے جو آپ کو مجرم کے بارے میں اور جیل میں ان کی پیش رفت کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے، اور اگر/جب وہ پیرول یا رہائی کے لیے غور کیے جانے کے اہل ہو جائیں۔ جہاں کہیں قابل اطلاق ہو آپ کو ایک نیا متاثرہ شخص کا شخصی بیان دینے کا **حق** حاصل ہے جس میں آپ بتا سکتے / سکتی ہیں کہ کس طرح جرم اب بھی آپ کو متاثر کرتا ہے۔

## 12 اپنے حقوق کے پورا نہ ہونے کے بارے میں کوئی شکایت کرنا

اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ نے اپنے **حقوق** حاصل نہیں کیے ہیں تو آپ کو متعلقہ خدمت فراہم کنندہ کو شکایت کرنے کا **حق** حاصل ہے۔ اگر آپ اب بھی ناخوش ہیں تو آپ پارلیمانی اور صحت خدمت کے محتسب سے رابطہ کر سکتے / سکتی ہیں

یہ متاثرین اور گواہوں کے قانونی حقوق ہیں جو اپریل 2021 سے قانون میں طے شدہ ہیں۔ آپ یہاں زیادہ مفصل معلومات حاصل کر سکتے / سکتی ہیں:
https://assets.publishing.service.gov.uk/government/uploads/system/uploads/attachment_data/file/936239/victims-code-2020.pdf

# وکٹم فرسٹ (مظلوم پہلے) کیا ہے اور وہ کس طرح میری مدد کر سکتا ہے؟

Victim First
Leicester, Leicestershire & Rutland

**جرم کے متاثرہ شخص کی حیثیت سے، پولیس آپ کی معلومات اور رابطے کی تفصیلات وکٹم فرسٹ کو بھیجنے کے لیے آپ کی اجازت طلب کرے گی جو 48 گھنٹے کے اندر آپ سے رابطہ کرے گا۔ یہ تفتیشی ٹیم کے ساتھ ایک 'متاثرہ شخص کے معاہدے' کے حصّہ کو تشکیل دے گا۔**

متاثرہ شخص کی سربراہی والی یہ خدمت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تیار کی گئی ہے کہ انصاف کے عمل کے ہر مرحلے میں متاثرہ شخص اور گواہ کی ضرورتیں پہلے اور مقدم رکھی جائیں۔ یہ مفت، پولیس سے آزاد اور رازدارانہ ہے۔ وکٹم فرسٹ کے پاس پیشہ ور کیس ورکروں کی ایک ٹیم موجود ہے جس کو وقف شدہ اور انتہائی تربیت یافتہ رضاکاروں کی ایک ٹیم کا تعاون حاصل ہے تاکہ وہ متاثرین کو بحالی کے ان کے پورے سفر میں تعاون دے سکیں۔

وکٹم فرسٹ لیسٹر شائر پولیس اور دیگر ایجنسیوں کے ساتھ شراکت میں کام کرتا ہے جو مختلف علاقوں میں تعاون ، معلومات اور رہنمائی پیش کرتے ہیں۔ سروس (خدمت) آفس آف پولیس اور کرائم کمشنر کے ذریعہ چلائی جاتی ہے اور کیچ 22 کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہے۔

## وکٹم فرسٹ درج ذیل کی پیش کش کرتا ہے:

- کسی ایسے شخص کی جس سے رازداری کے ساتھ بات کی جا سکے (رو برو ملاقاتیں یا ٹیلیفون پر مدد)
- معلومات اور مشورہ
- متاثرہ اشخاص کی طرف سے پولیس اور دیگر تنظیموں کے ساتھ وکالت
- مخصوص تنظیموں کی طرف رہنمائی کرنا
- عملی تعاون ہدف کو مشکل بنانا، شخصی الارمز
- ذہنی صحت میں تعاون (اندرون خانہ ذہنی صحت سے متعلق نرس)
- بحالی انصاف کی سہولت (بحالی انصاف متاثرین کو اپنے مجرمین کے ساتھ ملاقات یا بات چیت کرنے کا موقع دیتا ہے تاکہ جرم کے حقیقی اثر کی وضاحت کر سکیں ۔ یہ متاثرین کو قوت دے کر انہیں اختیارات تفویض کرتا ہے۔ یہ مجرموں کو بھی ان کے اعمال کا محاسبہ کراتا ہے اور ذمہ داری لینے اور اس میں ترمیم کرنے میں ان کی مدد کرتا ہے)

آپ وکٹم فرسٹ کو کال کر سکتے/سکتی ہیں خواہ جرم ابھی ہوا ہو یا پہلے ہوا ہو۔ وہ آپ کا تعاون کریں گے خواہ آپ واقعہ کی اطلاع پولیس کو نہ کرنے کا فیصلہ کریں۔

**وکٹم فرسٹ ہیلپ لائن:** 0800 953 95 95
**ای میل:** support@victimfirst.pnn.gov.uk
**آن لائن:** www.victimfirst.org

اگر آپ کسی پُر تشدد جرم کے شکار ہوئے / ہوئی ہیں یا آپ کے جرم میں چوٹ، نقصان یا ضرر شامل ہے تو آپ مجرمانہ چوٹوں کے لیے معاوضے کی اتھارٹی (CICA) سے معاوضہ حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے/ سکتی ہیں۔ آپ معاوضہ کے لیے درخواست دے سکتے/ سکتی ہیں خواہ جرم کے لیے کسی شخص کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی ہو یا نہ کی گئی ہو۔ مزید جاننے کے لیے، دیکھیں: www.cica.gov.uk یا CICA کو 0300 033601 پر کال کریں۔

آپ کو چوٹ ، نقصان یا ضرر کی درست تفصیلات فراہم کرنی ہوں گی اور کسی بھی متعلقہ رسیدوں کو رکھنا ہوگا تاکہ ہرجانے کا دعوی کر سکیں۔

## دیگر کارآمد رابطے

**سٹیزنس ایڈوائس**
www.citizensadvice.org.uk

**کرائم اسٹاپرز**
www.crimestoppers-uk.org 0800 555 111

**ہر میجسٹیز کورٹز اور ٹریبونل سروس (Her Majesty's Court's and Tribunal Service)**
www.gov.uk/going-to-court-victim-witness

**کراؤن پراسیکیوشن سروس (Crown Prosecution Service)**
www.cps.gov.uk 0116 204 6700

**لیسٹر شائر پولیس وٹنس کیئر یونٹ (Leicestershire Police Witness Care Unit)** Witness.CareUnit@leicestershire.pnn.police.uk یا 101 پر کال کر کے لیسٹر شائر پولیس وٹنس کیئر یونٹ کو معلوم کریں

**نیبرہوڈ لنک (Neighbourhood Link)** – آپ کے علاقے میں کیا کچھ ہو رہا ہے اس بارے میں باقاعدہ ای میلز موصول کرنے کے لیے ہماری کیمونٹی میسیجنگ اسکیم کے لیے سائن اپ کریں۔
www.neighbourhoodlink.co.uk

# میں نے ایک جرم کی اطلاع دی ہے اب اس کے بعد کیا ہو گا؟

**جو کچھ ہوا ہے اس بارے میں آپ سے اضافی تفصیلات فراہم کرنے کے لیے کہا جائے گا تاکہ پولیس طے کر سکے کہ آیا کسی جرم کی تفتیش شروع کرنے کے لیے کافی معلومات دستیاب ہیں۔ اگر اس سلسلہ میں کافی معلومات نہیں ہیں یا کسی جرم کی تفتیش کو بعد میں بغیر کوئی کارروائی کیے بند کرنے کا فیصلہ کیا جاتا ہے تو آپ کو کوئی وجہ بتائی جائے گی۔**

آپ کے جرم پر کارروائی ایک تفتیش کنندہ افسر کے ذریعہ کی جائے گی جو کسی ممکنہ عدالتی کارروائی، یا عدالت سے باہر معاملے کے نمٹانے کی تائید میں ان لوگوں کے لیے ثبوت حاصل کرنے کی کوشش کرے گا جو کہ آپ کے جرم کے لیے ذمہ دار ہیں۔ شواہد میں فارنسک مواد شامل ہو سکتا ہے۔ گواہ کے بیانات / ویڈیو ریکارڈ شدہ گواہی؛ گھر گھر پوچھ گچھ اور سی سی ٹی وی فوٹیج (دوسری چیزوں کے علاوہ)۔

تفتیش کنندہ افسر کم از کم ہر 28 دن پر آپ کو رابطے کے آپ کے پسندیدہ طریقے سے باخبر رکھنے سے اتفاق کرے گا۔ آپ مزید باقاعدہ اطلاعات کی درخواست کر سکتے / سکتی ہیں۔

افسر آپ کے ساتھ اس بات پر بھی گفتگو کرے گا کہ آیا میڈیا اور / یا سوشل میڈیا میں کوئی اپیل دیگر گواہوں کو تلاش کرنے میں معاون ہو سکتی ہے یا معلومات کے لیے اپیل جس سے تفتیش میں مدد مل سکتی ہے۔
اگر ایسا ہوتا ہے تو آپ کی شخصی تفصیلات جاری نہیں کی جائیں گی۔ سبھی جرائم کے لیے اپیلیں جاری نہیں کی جاتی ہیں۔

کمزور اور خوفزدہ متاثرین اور گواہوں کے لیے خصوصی اقدامات موجود ہیں جنہیں ثبوت دینے میں آپ کی مدد کے لیے بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔

# تو میرے شہادتی بیان کے ساتھ کیا ہو گا؟

**ایک بیان دے کر یا ایک ویڈیو ریکارڈڈ تفصیل فراہم کرکے آپ تفتیش کی مدد کر رہے / رہی ہیں جو کسی بھی مجرم کو سزا دلانے میں معاون ہو سکتا ہے۔**

اگر کسی مشتبہ شخص پر فرد جرم عائد کیا جاتا ہے تو آپ کو گواہی دینے کے لیے عدالت میں حاضر ہونے کو کہا جا سکتا ہے۔ اگر سی پی ایس اور ڈیفنس آپ کے بیان سے اتفاق کرتے ہیں تو وہ لوگ کلی طور پر آپ کے بیان پر تکیہ کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں اور آپ سے عدالت جانے کو نہیں کہا جائے گا۔

پولیس کی آپ کے جرم کی تفتیش میں مدد کے لیے آپ کو انہیں درج ذیل چیزیں بتانی چاہئیں:

- اگر آپ کو کوئی ایسی چیز یاد آتی ہے جو کہ آپ کے ذریعہ دیے گئے کسی بیان میں پہلے سے شامل نہیں ہے
- اگر آپ کے رابطے کی تفصیلات بدل جاتی ہیں
- اگر جرم میں کسی طرح کی عداوت شامل ہو، مثال کے طور پر، اگر آپ کو آپ کی نسل، جنسیت، مذہب، معذوری یا جنسی شناخت، یا مفروضہ نسل، جنسیت، مذہب، معذوری یا جنسی شناخت کی وجہ سے ہدف بنایا گیا تھا۔
- اگر آپ کی کوئی مخصوص ضرورتیں ہوں، مثال کے طور پر، حرکت کی قابلیت، مواصلت یا مذہبی ضروریات

### میرے شہادتی بیان کو کون دیکھے گا؟

کیس میں شامل ہر شخص آپ کے بیان / شہادتی بیان کو دیکھے گا، اس لیے آپ جب بھی کوئی بیان فراہم کریں گے / گی آپ کی شخصی تفصیلات ہٹا دی جائیں گی۔ جب بھی آپ کوئی بیان فراہم کریں، براہ کرم شخصی معلومات شامل نہ کریں، سوائے اس کے کہ وہ وقوعہ کے کوائف سے متعلق ہوں۔ کوئی شہادتی بیان دینے کے بارے میں مزید معلومات ذیل کے پتے پر دستیاب ہیں:
www.gov.uk/government/publications/the-new-leaflet-giving-a-witness-statement-to-the-police-what-happens-next



# آپ کے جرم سے نمٹنا

**تفتیش کے دوران، اگر کسی کی گرفتاری عمل میں آتی ہے تو ان سے پوچھ گچھ کی جا سکتی ہے اور ان کے ساتھ کیا ہوگا اس بارے میں کوئی فیصلہ کیا جائے گا۔**

جرم پر انحصار کرتے ہوئے، یہ فیصلہ پولیس یا کراؤن پراسیکیوشن سروس کے ذریعہ لیا جاتا ہے۔

اس سلسلے میں مختلف طریقے موجود ہیں جن کے ذریعہ مجرموں سے نمٹا جا سکتا ہے بشمول:

- فرد جرم عائد کیا جانا یا سمّن جاری کیا جانا اور عدالت کے سامنے پیش کیا جانا یا عدالت میں حاضر ہونے کا پابند بنایا جانا
- عدالت سے باہر نمٹانے کے تابع کیا جانا جیسے کوئی تنبیہ
- کسی معاشرتی عہد وپیمان پر عمل کرنا یا بحالی انصاف
- بغیر کسی مزید کارروائی کے رہا کر دیا جانا

اگر آپ قانونی کارروائی شروع نہ کرنے کے فیصلے سے ناخوش ہوں تو آپ کو متاثرین کے نظر ثانی کا حق (Victims' Right to Review, VRR) کی اسکیم کا حق حاصل ہو سکتا ہے۔
www.leics.police.uk/advice/advice-and-/information/acr/vrr/victims-right-review-scheme

اگر کسی شخص پر فرد جرم عائد کیا جاتا ہے یا سمن جاری کیا جاتا ہے اور عدالت بھیجا جاتا ہے تو ہم آپ سے رابطہ کریں گے اور آپ کو عدالت کی پہلی تاریخ کی اطلاع دیں گے اور کارروائی کی وضاحت کریں گے۔ اگر پہلی شنوائی کے بعد جرم کا اقرار کر لیا جاتا ہے تو ہم آپ کو نتیجہ سے مطلع کریں گے۔

اگر مدعا علیہ کے ذریعہ جرم کا قبول نامہ پیش نہیں کیا جاتا ہے تو لیسسٹر شائر پولیس کا وٹنس کیئر یونٹ (Witness Care Unit) عدالت کی پہلی شنوائی کے بعد آپ سے رابطہ کرے گا۔
وہ لوگ آپ کو تازہ ترین معلومات سے آراستہ کریں گے، ضروری معلومات اور عملی تعاون فراہم کریں گے اگر آپ کو ثبوت دینے کے لیے عدالت میں حاضر ہونے کو کہا جاتا ہے، اور آپ کو، آپ کی اجازت کے تحت، دیگر ان تنظیموں کا حوالہ دیں گے جو کہ دوسری طرح کی مدد فراہم کرنے کے قابل ہو سکتی ہیں۔

اگر آپ کا معاملہ مزید شنوائیوں کے لیے کراؤن عدالت بھیجا جاتا ہے تو وٹنس کیئر یونٹ آپ کے ساتھ رابطہ بحال رکھے گا اور تازہ اطلاعات نیز متاثرین کے ضابطہ عمل کے مطابق تعاون فراہم کرے گا۔

**اگر آپ کے رابطے کی تفصیلات بدل جاتی ہیں تو ضروری ہے کہ آپ وٹنس کیئر یونٹ سے رابطہ کریں۔**

# متاثرہ شخص کا شخصی بیان (VPS) دینا

**متاثرہ شخص کا شخصی بیان (VPS) ایک تحریری یا ریکارڈڈ بیان ہوتا ہے جو آپ کے خود کے الفاظ میں وضاحت کرتا ہے کہ کسی جرم نے آپ کو کس طرح متاثر کیا ہے، جسمانی، جذباتی، مالی یا کسی اور طرح سے۔**

مدعا علیہ کو ملنے والی سزا سناتے وقت جج اس VPS پر غور کرتا ہے اور وہ خدمت فراہم کنندگان کو بھی اس بات پر غور کرنے میں مدد کر سکتا ہے کہ آپ اور / یا آپ ک ے خاندان کو کس طرح کا اضافی تعاون درکار ہو سکتا ہے۔

اس بات کا فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کے لیے کہ آیا آپ کوئی VPS دینا چاہتے / چاہتی ہیں، آپ کو کسی جرم کی اطلاع دیتے وقت پولیس کے ذریعہ VPS کے عمل کے بارے میں معلومات فراہم کیے جانے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کوئی VPS دینے کا فیصلہ کرتے / کرتی ہیں تو آپ سے پوچھا جائے گا کہ آیا آپ عدالت میں اپنا بیان باآواز بلند پڑھنا چاہتے / چاہتی ہیں یا یہ کہ اسے آپ کی طرف سے پڑھ دیا جائے۔ آپ پولیس سے ایک نقل طلب کر سکتے / سکتی ہیں اور آپ کو جرم کے تبدیل کر دینے والے اثر کے اظہار کے لیے کوئی شخصی بیان دینے کا موقع دیا جائے گا۔ آپ کے لیے اپنا VPS خود سے پڑھنے یا اپنی طرف سے اسے پڑھوانا لازمی نہیں ہے۔ آپ اپنا ذہن تبدیل کر سکتے / سکتی ہیں۔ آپ کے VPS پر جج یا مجسٹریٹ کے ذریعہ ایک ہی انداز میں غور کیا جائے گا خواہ اسے عدالت میں باآواز بلند پڑھا (یا چلایا) جائے یا نہیں۔


جرم کے شکار سبھی لوگوں کو اگر وہ چاہیں تو کوئی VPS دینے کا حق حاصل ہے۔

اگر آپ غمزدہ قریبی رشتے دار ہیں تو آپ کو بھی کوئی VPS دینے کا حق حاصل ہے اور اس بات کا حق کہ جب آپ یہ کام کریں تو کوئی شخص آپ کے ساتھ ہو۔

اگر مدعا علیہ غلطی تسلیم کر لیتا ہے یا اسے مجرم پایا جاتا ہے، اور آپ نے کہا ہوا ہے کہ آپ کا بیان عدالت میں باآواز بلند پڑھا (چلایا) جائے تو جج یا مجسٹریٹ یہ فیصلہ کرے گا کہ آپ کے شخصی بیان کے کون سے سیکشنز باآواز بلند پڑھے (یا چلائے) جانے چاہئیں یا نہیں چلائے جانے چاہئیں، اور اسے کس کو پڑھنا چاہیے۔ جج یا مجسٹریٹ اپنا فیصلہ دیتے وقت آپ کی ترجیح کو ہمیشہ دھیان میں رکھے گا، سوئے اس کے کہ ایسا نہ کرنے کی کوئی معقول وجہ موجود ہو۔ وٹنس کیئر یونٹ آپ کو جج یا مجسٹریٹ کے فیصلے سے مطلع کرے گا۔

جج یا مجسٹریٹ آپ کے VPS پر اور جرم کے ذریعہ آپ کو لاحق نقصان کی سطح پر، دیگر ثبوتوں کے ساتھ ساتھ، غور کرے گا۔

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.gov.uk/government/publications/victim-personal-statement



# کاروبار پر اثر کا بیان (BIS)

**وکٹمز کوڈ آپ کو مزید کاروبار پر اثر کا ایک بیان دینے کا حق دیتا ہے اگر آپ کا کاروبار یا انٹرپرائز (جیسے کوئی چیریٹی) جرم کا شکار ہوا ہو۔**

کاربار پر اثر کا بیان آپ کو تفصیل سے یہ بتانے کا موقع دیتا ہے کہ جرم نے آپ کے کاروبار کو راست مالی اثر (اثاثے چرا لیے گئے یا برباد کر دیے گئے)، بالواسطہ مالی اثر (کسٹمر کا نقصان، اسٹاف کے وقت کا نقصان وغیرہ) اور غیر مالی ضرر جیسے شہرت کا نقصان کے تعلق سے کس طرح متاثر کیا ہے۔

# کیا مجھے عدالت جانا پڑے گا؟

**فی الحال یہ بتا دینا ضروری ہے کہ اگر آپ کو عدالت جانے کے لیے کہا جاتا ہے تو آپ کو لیسٹر شائر پولیس، وٹنس کیئر یونٹ اور وکٹم فرسٹ کے توسط سے تعاون فراہم کیا جائے گا، اگر درخواست کی جاتی ہے۔**

اگر کسی مشتبہ شخص پر کسی جرم کا الزام عائد کیا جاتا ہے تو آپ کو ثبوت دینے کے لیے عدالت حاضر ہونے کو کہا جا سکتا ہے، تاہم، اگر کراؤن پراز یکیوشن سروس (CPS) اور مدعا علیہ آپ کے بیان سے اتفاق کر لیتے ہیں کہ یہ ایک مکمل اور کافی تفصیل ہے تو وہ کلی طور پر آپ کے بیان پر بھروسہ کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔

آپ کو صرف اسی صورت میں عدالت جانا ہوگا جبکہ مدعا علیہ:

- الزام سے انکاری ہو اور کہتا ہو کہ وہ 'مجرم نہیں' ہے
- مجرم ہونے کا اقرار کرتا ہو مگر جرم کے کسی اہم حصّہ سے انکار کرتا ہو جو کہ اس کو دی جانے والی سزا کو متاثر کر سکتا ہو

اگر آپ سے عدالت جانے کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو استغاثہ اور فریق دفاع کے وکلاء آپ سے آپ کے ثبوتوں کے بارے میں سوالات پوچھیں گے۔ آپ اپنے حافظے کو تازہ کرنے کے لیے پہلے اپنا بیان پڑھ سکیں گے / گی۔

اگر آپ نے کوئی بیان دیا ہے اور پھر ثبوت دینے کے لیے آپ کو عدالت جانے کو کہا جاتا ہے تو آپ کو لازمی طور پر اس پر عمل کرنا ہوگا کیوں کہ یہ ایک قانونی تقاضا ہے۔ اگر آپ سے عدالت جانے کو کہا جاتا ہے تو آپ کو ایک خط بھیجا جائے گا جس میں یہ بتایا جائے گا کہ کب اور کہاں جانا ہے اور اس کے ساتھ ایک وضاحتی پرچہ منسلک ہوگا۔

کمزور اور خوفزدہ گواہوں کے ساتھ تعاون کے لیے اضافی مدد دستیاب ہے۔ وٹنس کیئر یونٹ، وٹنس سروس، پولیس یا CPS آپ کو بتائے گی کہ کس طرح کی مدد دستیاب ہے۔ کوئی گواہ ہونے کے بارے میں مزید معلومات www.cjsonline.org/witness سے یا جرم کے متاثرین کے لیے www.cjsonline.org/victims سے دستیاب ہے۔

ابتدائی تفتیش کے حصّہ کے طور پر، ٹیم اس بات کے پیش نظر آپ کے معاملے کا جائزہ لے گی کہ مزید خصوصی سہولیات (جیسے اسکرینز) تیار رکھے جائیں، جن کی درخواست آپ کو ثبوت دینے میں مزید اعتماد دینے کے لیے کی جا سکتی ہے۔ یہ جائزہ انتہائی ابتدائی مرحلہ میں کیا جائے گا تاکہ درخواست کسی عدالتی معاملے سے پہلے کی جا سکے۔ ہمیں معلوم ہے کہ جرم کے متاثرین کا یہ اکثر ایک انتہائی حقیقی خوف ہوتا ہے مگر ہم آپ کے ساتھ مل کر عدالت کی جملہ کارروائیاں پوری کروائیں گے۔




**ہم بخوبی واقف ہیں کہ جرم کا شکار ہونا آپ کو کمزور ہونے کے احساس میں مبتلا کر سکتا ہے۔ اس سلسلہ میں وکٹم فرسٹ موجود ہے اگر آپ کو تفتیش اور کرمنل جسٹس کی کارروائی میں تعاون اور مفت اور آزادانہ مشوروں کے لیے ان کی ضرورت ہو۔**

ایسے طریقے موجود ہیں جن میں آپ چند معمولی حفاظتی تدابیر کرکے اور اس بارے میں اچھی طرح سوچ کر کہ کون سی معلومات آن لائن جاری کریں خود کو زیادہ محفوظ محسوس کرا سکتے ہیں۔

لیسسٹر شائر پولیس کی ویب سائٹ پر جرائم کی روک تھام سے متعلق بہت سارے انتہائی کارآمد مشورے موجود ہیں: www.leics.police.uk/cp

آپ نیبرہوڈ لنک نامی ہماری کمیونٹی میسیجنگ اسکیم کو بھی سائن اپ کر سکتے ہیں: www.neighbourhoodlink.co.uk۔ یہ آپ کو پولیس سے معلومات اور مشورہ موصول کرنے کے قابل بنائے گا اور آپ مقامی پولیسنگ کی ترجیحات سے متعلق اپنی رائے دے سکتے / سکتی ہیں۔

@LeicsPolice

لیسسٹر شائر پولیس

leicestershire_police

www.leics.police.uk

**نوٹس / مزید سوالات**